6021 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعَذَّبُ الْمُصَوِّرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَيُقَالُ لَهُمْ أَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تصویر بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور کہا جائے گا: زندہ کرو جو تم نے پیدا کیے ہیں۔

6020- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 202 رقم الحديث: 3184' والترمذی: الجنائز جلد 3 صفحه 323 رقم الحديث: 1011' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 476 رقم الحديث: 1484 بنحوه' وقال السدى: قد ضعف الترمذی وغيره هذا الحديث بحالة ابى ماجدة وقد وجد تضعيف الحديث بذلك فى بعض نسخ أبى داؤد أيضًا . قال الترمذی: سمعت محمد بن اسماعيل يضعف أبا ماجدة هذا . وقال محمد: قال الحميدی: قال ابن عيينة ليحيى: من أبو ماجدة هذا؟ قال: طائر طار فحدثنا .

6021- أخرجه البخاری: اللباس جلد 10 صفحه 396 رقم الحديث: 5951' ومسلم: اللباس جلد 3 صفحه 1670 .

AlHidayah - الهداية

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ إِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث علی بن ثابت سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

6022 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَكَنٍ قَالَ: ثنا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ، عَنْ مُحْتَسِبٍ وَيُكَنَّى أَبَا عَائِذٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ إِلَى طُلُوعِ الشَّمْسِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، وَلَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں' نمازِ فجر کے بعد طلوعِ شمس تک' مجھے زیادہ پسند ہے اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنے سے اور میں ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں نمازِ عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک' مجھے زیادہ پسند ہے اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحْتَسِبٍ إِلَّا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ، تَفَرَّدَ بِهِ رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث محتسب سے عرعرہ بن برند روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ریحان بن سعید اکیلے ہیں۔

6023 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ رَبِيعَةَ السَّلُولِيُّ قَالَ: نا بُرَيْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ: شَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت بریدہ بن مالک بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حدیبیہ کے دن حاضر تھے' وہ دن ایسا تھا کہ اچانک قربانی اس جگہ پہنچنے سے پہلے روک لی گئی' ایک آدمی اس دن آپ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے محمد! آپ کو کس نے اس پر

6022- أخرجه ابو داؤد: العلم جلد 3 صفحه 322 رقم الحديث: 3667 . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 108 أيضًا الى أبي يعلى وقال: وفيه محتسب أبي عائذ وثقة ابن حبان وضعفه غيره' وبقية رجاله ثقات . وانظر الترغيب للمنذرى جلد 1 صفحه 295 رقم الحديث: 2 .

AlHidayah - الهداية

وَسَلَّمَ، يَوْمَ الشَّجَرَةِ، يَوْمَ إِذِ الْهَدْيُ مَعْكُوفًا قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ مَحِلَّهُ، وَأَنَّ رَجُلًا جَاءَ يَوْمَئِذٍ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا يَحْمِلُكَ عَلَى مَا أَرَى؟ تُرِيدُ أَنْ يَدْخُلَ هَؤُلَاءِ، وَنَحْنُ لَهُمْ كَارِهُونَ، مِنْ أَفْنَاءِ الْقَبَائِلِ قَالَ: هَؤُلَاءِ خَيْرٌ مِنْكَ، وَمِمَّنْ أَخَذَ أَخْذَكَ، يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ، وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

اُبھارا جو آپ دیکھ رہے ہیں' آپ چاہتے ہیں کہ یہ سارے داخل ہوں لیکن ہم ان کو ناپسند کرتے ہیں' ان قبائل کے رہنے والے۔ آپ نے فرمایا: یہ سارے تم سے اور پکڑنے والوں سے زیادہ بہتر ہیں' جس نے تجھے اختیار کیا ہے اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! بے شک اللہ ان سے راضی ہو گیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ رَبِيعَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مالک بن ربیعہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

6024 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الشَّافِعِيِّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ يُشْرِكُ بَيْنَ سَبْعَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فِي الْبَدَنَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حدیبیہ کے سال دیکھا' آپ نے اونٹ کی قربانی میں سات صحابہ کو شریک کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ

یہ حدیث زہری سے معاویہ بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید العطار اکیلے ہیں۔

6025 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الشَّافِعِيُّ قَالَ: ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ شَرِيكٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَالْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ،

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم میں کھڑے ہوئے اور چار چیزیں بیان کیں' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل سوتا نہیں ہے' سونا اس کے لیے مناسب نہیں ہے' وہ ترازو کو جھکاتا اور بلند کرتا

6025- أخرجه مسلم: الايمان جلد 1 صفحه 162' وابن ماجة: للمقدمة جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 196' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 489 رقم الحديث: 19606 .

AlHidayah - الهداية

عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ، عَنْ اَبِی مُوسَی قَالَ: قَامَ فِینَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْبَعٍ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا یَنَامُ، وَلَا یَنْبَغِی لَهُ اَنْ یَنَامَ، یَخْفِضُ الْقِسْطَ، وَیَرْفَعُهُ، یُرْفَعُ اِلَیْهِ عَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ عَمَلِ اللَّیْلِ، وَعَمَلُ اللَّیْلِ قَبْلَ عَمَلِ النَّهَارِ، حِجَابُهُ النَّارُ، لَوْ رَفَعَ الْحِجَابُ اَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهِ کُلَّ مَا اَدْرَکَهُ بَصَرُهُ، ثُمَّ قَرَاَ: (نُودِیَ اَنْ بُورِكَ مَنْ فِی النَّارِ، وَمَنْ حَوْلَهَا) (النمل:8)

ہے' رات سے پہلے دن کے عمل اس کی بارگاہ میں پیش کیے جاتے ہیں اور رات کے عمل دن سے پہلے پیش کیے جاتے ہیں' اس کا پردہ آگ ہے' اگر پردہ اُٹھائے تو جو آنکھ بھی اس کو دیکھے گی اس کا چہرہ جل جائے گا' پھر آپ نے فرمایا: ''نودی ان بورك الٰی آخره''۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ

یہ حدیث حسن بن عمرو سے عمرو بن عبدالغفار روایت کرتے ہیں۔

6026 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الشَّافِعِیُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَیْسٍ الضَّبِّیُّ قَالَ: ثَنَا سُکَیْنُ بْنُ سِرَاجٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ دِینَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ؟ وَاَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَحَبُّ النَّاسِ اِلَی اللّٰهِ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ، وَاَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَی اللّٰهِ سُرُورٌ تُدْخِلُهُ عَلَی مُسْلِمٍ، اَوْ تَکْشِفُ عَنْهُ کُرْبَةً، اَوْ تَقْضِی عَنْهُ دِینًا، اَوْ تَطْرُدُ عَنْهُ جُوعًا، وَلَاَنْ اَمْشِیَ مَعَ اَخٍ لِی فِی حَاجَةٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَعْتَکِفَ فِی هَذَا الْمَسْجِدِ، یَعْنِی مَسْجِدَ الْمَدِینَةِ، شَهْرًا، وَمَنْ کَفَّ غَضَبَهُ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ، وَمَنْ کَظَمَ غَیْظَهُ، وَلَوْ شَاءَ اَنْ یُمْضِیَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کون لوگ اللہ کو زیادہ پسند ہیں؟ کون سے اعمال اللہ کو زیادہ پسند ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو زیادہ پسند وہ لوگ ہیں جو لوگوں کو زیادہ نفع دینے والے ہیں اور اللہ کو زیادہ پسند اعمال وہ ہیں جو کسی مسلمان کو خوشی دیں یا اس سے کوئی تکلیف دور کریں یا اس کا قرض ادا کریں یا اس کی بھوک ختم کریں' کسی مسلمان بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری کرنے کے لیے چلنا' میری اس مسجد میں ایک ماہ اعتکاف کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے' جس نے اپنے غصہ کو قابو کیا اللہ عزوجل اس کے قریب پر پردہ ڈالے گا' جس نے غصہ پی لیا' اگر وہ چاہتا تو غصہ پورا کرسکتا تھا' اللہ عزوجل اس کے دل کو قیامت کے دن امن سے بھر دے گا' جو اپنے بھائی کے ساتھ اس

AlHidayah - الهداية

أَمْضَاهُ، مَلَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَلْبَهُ اَمْنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ مَشٰى مَعَ اَخِيهِ فِي حَاجَةٍ حَتّٰى اَثْبَتَهَا لَهُ اَثْبَتَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدَمَهُ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ فِيهِ الْاَقْدَامُ

کی ضرورت پوری کرنے کے لیے چلا' اس کی ضرورت پوری کر دی تو اللہ عزوجل اس کے قدم کو پل صراط پر ثابت رکھے گا' جس دن قدم متزلزل ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا سُكَيْنُ بْنُ سِرَاجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے سکین بن سراج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن قیس اکیلے ہیں۔

6027 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّافِعِيُّ قَالَ: ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ الضَّبِّيُّ قَالَ: انا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُودُوا الْمَرْضٰى، وَمُرُوهُمْ فَلْيَدْعُوا لَكُمْ، فَاِنَّ دَعْوَةَ الْمَرِيضِ مُسْتَجَابَةٌ، وَذَنْبُهُ مَغْفُورٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مریض کی عیادت کرو' اس کو کہو کہ وہ تمہارے لیے دعا کرے کیونکہ مریض کی دعا قبول ہوتی ہے' اس کے گناہ معاف ہیں۔

لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن قیس اکیلے ہیں۔

6028 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مُطِيعٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ بَعْدَ الْيَوْمِ صَبْرًا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن مطیع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: آج کے بعد قیامت کے دن تک کوئی قریشی باندھ کر نہ قتل کیا جائے۔

6028- أخرجه مسلم: الجهاد جلد3صفحه1409' والدارمي: الديات جلد 2صفحه260 رقم الحديث: 2386' وأحمد: المسند جلد3صفحه504 رقم الحديث: 15413 .

AlHidayah - الهداية

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ

یہ حدیث مجالد سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عمر بن خالد اکیلے ہیں۔

6029 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ قَالَ: ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَدَعَتْ بِطَعَامٍ، فَقَالَتْ: كُلْ، قَدْ قَلَّ مَا أَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ، وَأَشَاءُ أَنْ أَبْكِيَ إِلَّا بَكَيْتُ، قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، ذَلِكَ مِمَّهْ؟ قَالَتْ: أَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِي فَارَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا الدُّنْيَا، مَا شَبِعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتَّى لَحِقَ بِاللَّهِ قَالَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: دَخَلَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَرَأَتْ فِرَاشَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبَاءَةً، فَقَالَتْ: مَا لَهُ فِرَاشٌ غَيْرَ هَذَا؟ قُلْتُ: لَا وَاللَّهِ، مَا لَهُ فِرَاشٌ غَيْرُهُ، فَعَمَدْتُ إِلَى سَبِيبَةٍ مِنَ السَّبَائِبِ، فَحَشَتْهَا صُوفًا، ثُمَّ أَتَتْنِي بِهَا، فَقَالَتْ: لِيَكُنْ هَذَا فِرَاشُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، مَا هَذِهِ؟ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: رُدِّيهِ،

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے کھانا منگوایا' آپ نے فرمایا: کھاؤ! آپ بہت کم پیٹ بھر کر کھانا کھاتی تھیں' میں نے رونا چاہا تو آپ رو پڑیں' میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! آپ کیوں رو رہی ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے وہ حالت یاد آ گئی جس حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا سے جدا ہوئے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دن میں دو مرتبہ کبھی گندم کی روٹی نہیں کھائی یہاں تک کہ اللہ سے جا ملے۔ حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: انصار کی ایک عورت میرے پاس آئی' اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر ایک چادر دیکھی' اس نے کہا: آپ کے پاس اس کے علاوہ کچھ بچھانے کے لیے نہیں ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! نہیں! آپ کے پاس اس کے علاوہ بچھانے کے لیے کوئی شی نہیں ہے۔ وہ اپنی اوڑھنی میں کوئی چیز لپیٹ کر لائی' اس میں صوف بھری' پھر میرے پاس لائی' اس نے کہا: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بستر ہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے

6029- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **287** رقم الحديث: **6455**' ومسلم: الزهد جلد **4** صفحه **2283** بنحوه' حتى قولها: ما شبع رسول الله ﷺ في يوم مرتين من خير البر حتى لحق بالله' وأما قولها: دخلت على امرأة من الأنصار'...... حتى آخره . أخرجه أبو عبد الله في الزهد رقم الحديث: **76**' والترغيب للمنذري جلد **4** صفحه **201** رقم الحديث: **124**' والبيهقي في دلائل النبوة جلد **1** صفحه **345** . انظر فتح الباري جلد **11** صفحه **298** .

AlHidayah - الهداية

قَالَتْ: فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِي، وَلَمْ أَرُدَّهُ، وَأَعْجَبَنِي أَنْ يَكُونَ فِي بَيْتِي، فَجَاءَ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَلَمْ آمُرُكِ أَنْ تَرُدِّيهِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ أَرُدَّهُ، وَأَحْبَبْتُ أَنْ يَكُونَ فِي بَيْتِي، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، رُدِّيهِ، فَإِنِّي لَوْ شِئْتُ لَأَجْرَى اللّٰهُ مَعِيَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

فرمایا: اے عائشہ! یہ کیا ہے؟ میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اس کو واپس کر دو! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے نکلے میں نے اس کو واپس نہیں کیا' مجھے پسند آئی تو میں نے اپنے پاس رکھ لی۔ آپ تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا میں نے تمہیں واپس کرنے کا حکم نہیں دیا تھا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کو واپس نہیں کیا' میں پسند کرتی ہوں کہ میرے گھر میں وہ ہو' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اس کو واپس کر دو' اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ اللہ عزوجل سونا اور چاندی چلا دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث حماد بن زید سے صلت بن مسعود روایت کرتے ہیں۔

6030 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسُ فَوَاسِقَ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ، وَالْحَرَمِ: الْفَأْرَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْحِدَأَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ، وَالْغُرَابُ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ جانور فاسق ہیں ان کو حالت احرام اور بغیر احرام کے مارنا جائز ہے: (۱) چوہا (۲) بچھو (۳) چیل (۴) پاگل کتا (۵) کوا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ الصَّلْتُ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے محمد بن ثابت العبدی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صلت اکیلے ہیں۔

6031 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ سے روایت

6030- أخرجه البخاري: جزاء الصيد جلد**4**صفحه**42** رقم الحديث: **1828**' ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**857** .

AlHidayah - الهداية

قَالَ: ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَحِقْتُهُ بِالْبَقِيعِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: السَّلَامُ عَلَى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَانْقَطَعَ شِسْعِي، فَقَالَ: اَنْعِشْ قَدَمَكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طَالَتْ عُزُوبَتِي، وَنَايَتُ عَنْ دَارِ قَوْمِي، فَقَالَ: يَا بَشِيرُ، اَلَا تَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِى اَخَذَ بِنَاصِيَتِكَ اِلَى الْاِسْلَامِ مِنْ بَيْنِ رَبِيعَةَ قَوْمٌ يَرَوْنَ اَنْ لَوْلَاهُمُ انْكَفَتِ الْاَرْضُ بِمَنْ عَلَيْهَا؟

لَا يَرْوِى هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا ابْنُهُ اِسْحَاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُقْبَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا میری ملاقات آپ سے جنت البقیع میں ہوئی میں نے سنا کہ آپ کہہ رہے تھے: السلام علیٰ اهل الدیار من المؤمنین! میری جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا آپ نے فرمایا: ننگے پاؤں چلو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ڈوری لمبی ہے اپنی قوم کے گھر سے دور ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے بشیر! کیا تُو اللہ کی اس بات پر تعریف نہیں کرتا ہے کہ جس نے ربیعہ قبیلہ کے درمیان تمہیں اسلام لانے کی توفیق دی ہے ایسی قوم تو دیکھ رہا ہے کہ اگر تو ان کی طرف پلٹے گا تو زمین جھک جائے گی ان پر جو وہ ہیں۔

یہ حدیث شیبانی سے ان کے بیٹے اسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مغیرہ اکیلے ہیں۔

6032 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، وَلَيْثٍ، وَالْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَرْفَجَةَ، يَرْفَعُ الْحَدِيثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ هَنَّاتٌ، وَهَنَّاتٌ، فَمَنْ رَاَيْتُمُوهُ يَمْشِى اِلَى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ جَمِيعًا لِيُفَرِّقَ بَيْنَهُمْ فَاقْتُلُوهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عنقریب ھنات وھنات آئے گی جو کوئی ان میں سے کسی کو دیکھے کہ اُمت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان تفرقہ ڈالنے کے لیے اُن کی طرف چل رہا ہے حالانکہ وہ سارے اکٹھے ہیں تو اس کو قتل کردو۔

6032- أخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1479، وأبو داؤد: السنة جلد4صفحه243 رقم الحديث: 4762، وأحمد: المسند جلد4صفحه416 رقم الحديث: 19023 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حماد بن زید سے مفضل بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔ حماد سے محمد بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

6033 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ، ثَنَا أَبِي قَالَ: ثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، كُلُّهَا شَافٍ كَافٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن سات قراءتوں پر نازل کیا گیا ہے سب شافی اور کافی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث میمون ابوحمزہ سے ابوخیثمہ زہیر بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شجاع بن ولید اکیلے ہیں۔

6034 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: ثَنَا أَبِي، ثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَإِنَّ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَأَيْلَةَ، كَأَنَّ الْأَبَارِيقَ فِيهِ النُّجُومُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوضِ کوثر پر انتظار کروں گا اس کے دونوں طرفوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا صنعاء اور ایلہ کے درمیان ہے اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ إِلَّا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ

یہ حدیث زیاد بن خیثمہ سے شجاع بن ولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

6035 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6034- أخرجه مسلم: الفضائل جلد4 صفحه1801 .

AlHidayah - الهداية

قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: ثَنا اَبِی قَالَ: حَدَّثَنِی زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَثَمَنِ الْخِنْزِيرِ، وَثَمَنِ الْخَمْرِ، وَعَنْ مَهْرِ الْبَغِيِّ، وَعَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ

حضورﷺ نے پانچ چیزوں سے منع کیا: (۱) کتے کی کمائی سے (۲) خنزیر کی کمائی سے (۳) شراب کی کمائی سے (۴) زانیہ کی کمائی سے (۴) نر کی مادہ سے جفتی کروانے کے پیسوں سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے زیاد بن خیثمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شجاع بن ولید اکیلے ہیں۔

6036 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو مُصْعَبٍ، قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَدِّهِ، عُثْمَانَ بْنِ الْاَرْقَمِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ: رُدُّوا مَا كَانَ مَعَكُمْ مِنَ الْاَنْفَالِ فَرَفَعَ اَبُو اُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ بِسَيْفِ بَنِي الْعَائِذِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ، فَعَرَفَهُ الْاَرْقَمُ، فَقَالَ: هَبْهُ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

حضرت یحییٰ بن عمران اپنے دادا عثمان بن ارقم سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے بدر کے دن فرمایا: تم میں سے جس کے پاس مالِ غنیمت ہے وہ واپس کر دے۔ ابواُسید الساعدی نے بنی عائذ بن مرزبان کی تلوار اُٹھائی تھی، حضرت ارقم اس کو پہچانتے تھے، عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ہبہ کریں! آپ نے ان کو دے دی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْاَرْقَمِ بْنِ اَبِی الْاَرْقَمِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو مُصْعَبٍ

یہ حدیث ارقم بن ابوارقم سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

6037 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ الرَّقِّيُّ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِی ذَرٍّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ دَاوُدَ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: اِلَهِی، مَا لِعِبَادِكَ عَلَيْكَ اِذَا هُمْ زَارُوكَ فِی بَيْتِكَ؟

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی: الٰہی! تُو نے اپنے بندوں کے لیے کیا تیار کیا ہے جب وہ تیرے گھر کی زیارت کریں؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: زیارت کرنے والے کا حق ہوتا ہے اس پر جس کی زیارت کرے اے داؤد! ان کا مجھ پر حق ہے کہ میں ان کو دنیا

AlHidayah - الهداية

قَالَ: اِنَّ لِكُلِّ زَائِرٍ عَلَى الْمَزُوْرِ حَقًّا، يَا دَاوُدُ اِنَّ لَهُمْ عَلَيَّ اَنْ اُعَافِيَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَاَغْفِرَ لَهُمْ اِذَا لَقِيتُهُمْ

میں عافیت دوں اور ان کو معاف کروں' جب میں اُن سے ملوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ اِلَّا الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ الرَّقِّيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي ذَرٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ وضین بن عطاء سے خلیل بن مرہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمزہ الرقی اکیلے ہیں۔ حضرت ابوذر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6038 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَزِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُدِغَ، فَبَلَغَ مِنْهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ لَوْ قَالَ حِينَ يُمْسِي، اَوْ اَمْسَى: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، ثَلَاثًا، لَمْ يَضُرَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے کسی آدمی کو کسی شے نے ڈنگ مارا' جو اللہ نے چاہا اس کو درد پہنچا' یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: اگر کوئی رات کے وقت یہ کلمات ''اعوذ بکلمات اللّٰہ التامات من شر ما خلق'' تین مرتبہ پڑھ لے تو اس کو کوئی شی نقصان نہیں دے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ مُجَوَّدًا، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث حماد بن زید سے عمدہ طور پر حضرت ابوہریرہ سے روایت کرتے ہیں اور حماد سے محمد بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے یہ حدیث حماد سے' وہ سہیل سے' وہ اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے کسی آدمی سے روایت کرتے ہیں۔

6039 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَزِيُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے

6038- أخرجه مسلم: الذكر جلد 4 صفحه 2081 رقم الحديث: 2709 (باب التعوذ من سوء القضاء)' وأبو داؤد: الطب جلد 4 صفحه 13 رقم الحديث: 3899' وابن ماجة: الطب جلد 2 صفحه 1162 رقم الحديث: 3518 .

6039- أخرجه مسلم: جنائز جلد 2 صفحه 654' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 339 رقم الحديث: 1029' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 62 (باب فضل من صلى عليه مائة)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 36

AlHidayah - الهداية

قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: ثَنَا سَلَّامُ بْنُ اَبِي مُطِيعٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، رَضِيعِ عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مَيِّتٍ يَمُوتُ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ اُمَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَبْلُغُونَ مِائَةً، كُلُّهُمْ يَشْفَعُونَ لَهُ اِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ فَحَدَّثْتُ بِهِ شُعَيْبَ بْنَ الْحَبْحَابِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو کوئی مسلمان مر جائے اور اس کے جنازہ میں سو مسلمان شریک ہوں اور وہ سارے اس کے لیے شفاعت کریں تو ان کی اس کے متعلق شفاعت قبول کی جائے گی۔ مجھے حضرت شعیب بن حبحاب کے حوالہ سے حدیث بیان کی گئی' انہوں نے بتایا کہ مجھے انس بن مالک نے حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَّامِ بْنِ اَبِي مُطِيعٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

اس حدیث کو سلام بن ابی مطیع سے ابن مبارک ہی نے روایت کیا۔

6040 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَنَّهَا ذَبَحَتْ فِي بَيْتِهَا شَاةً، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ اَطْعِمِينَا مِنْ شَاتِكِ، فَقَالَتْ لِلرَّسُولِ: مَا بَقِيَ مِنْهَا اِلَّا الرَّقَبَةُ، وَاِنِّي لَاَسْتَحِي اَنْ اُرْسِلَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّقَبَةِ، فَرَجَعَ الرَّسُولُ فَاَخْبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَقُلْ

حضرت عبدالرحمٰن الاعرج رضی اللہ عنہ' حضرت ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے گھر میں ایک بکری ذبح کی' رسول اللہ ﷺ کی طرف ایک آدمی بھیجا کہ آپ ہم کو اپنی بکری کا گوشت کھلائیں' آنے والے نے کہا: بکری کی صرف گردن باقی رہ گئی ہے' میں حیاء کرتی ہوں کہ گردن رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجوں۔ وہ نمائندہ واپس آیا' رسول اللہ ﷺ کو خبر دی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ! کہو کہ اس کو میرے پاس بھیج دو یعنی گردن کو' کیونکہ وہ بکری کی بہترین چیز ہے' بکری بھلائی کے قریب ہوتی ہے اور تکلیف اس سے دور ہوتی ہے۔

رقم الحديث: **24093** .

6040- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 393 رقم الحديث: 27096' والطبرانی فی الکبير جلد 24 صفحه 337 رقم الحديث: 844 .

AlHidayah - الهداية

اَرْسِلِی بِهَا، فَإِنَّهَا هَادِيَةُ الشَّاةِ، وَاَقْرَبُ الشَّاةِ مِنَ الْخَيْرِ، وَاَبْعَدُهَا مِنَ الْاَذَى

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث ضباعہ بنت زبیر سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں اسامہ بن زید اکیلے ہیں۔

6041 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ) (الانعام: **141**) قَالَ: كَانُوا يُعْطُونَ مَنِ اعْتَرَاهُمْ شَيْئًا سِوَى الصَّدَقَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد''و آتوا حقه یوم حصاده'' کے متعلق فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام اپنے زائد مال سے صدقہ کے علاوہ کوئی شی دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اشعث بن سوار سے عبدالرحیم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

6042 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَّ اَخَوَيْنِ كَانَتْ بَيْنَهُمَا اَرْضٌ، وَاَعْمَرَ اَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ اُمَّهُ، فَمَاتَتْ، فَقَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو بھائی تھے' ان دونوں کے حصے کی زمین تھی' ان میں سے ایک نے اپنی والدہ کو اپنے حصے سے عمرہ کروایا تھا' ماں فوت ہو گئی' حضور ﷺ نے وہ ان دونوں کے درمیان تقسیم فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُفَرَ اِلَّا الْاَنْصَارِيُّ، وَاَسْقَطَ زُفَرُ مِنْ اِسْنَادِ الْحَدِيثِ رَجُلَيْنِ، لِاَنَّ الثَّوْرِيَّ، وَقَيْسَ بْنَ الرَّبِيعِ رَوَيَاهُ: عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ طَارِقٍ قَاضِي مَكَّةَ، عَنْ جَابِرٍ

یہ حدیث زفر سے انصاری روایت کرتے ہیں۔زفر نے حدیث کی سند سے دو آدمی ساقط کیے ہیں کیونکہ ثوری اور قیس بن ربیع دونوں حبیب بن ابوثابت سے' وہ حمید الاعرج سے' وہ طارق سے' وہ حضرت جابر سے' طارق یہ مکہ کے قاضی تھے۔

AlHidayah - الهداية

6043 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ قَالَ: ثَنَا أَيُّوبَ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُمَا حَدَّثَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نماز (یعنی ظہر) ٹھنڈی کر کے پڑھو کیونکہ گرمی کی سختی جہنم کی تپش سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ نَافِعٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ

یہ حدیث صالح بن کیسان' نافع سے اور صالح سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ایوب بن سلیمان' ابوبکر بن ابواویس سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

6044 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى الشَّجَرِيُّ قَالَ: نا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَدِينَةِ قَالَ: آيِبُونَ، تَائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ، وَسُوءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ سفر سے واپس آتے' مدینہ کے قریب ہوتے تو یہ پڑھتے: ''ائبون تائبون الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ إِلَّا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، وَلَا عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث سعید بن مسیّب سے عاصم بن عمر بن قتادہ ہی روایت کرتے ہیں۔ حضرت عاصم سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن محمد

6043- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه20 رقم الحديث:533-534 .

AlHidayah - الهداية

الشَّجَرِیُّ

الشجری اکیلے ہیں۔

6045 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، أَنَّهُ: دَخَلَ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ أَنَسٌ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَزْوَاجِ الْأَنْصَارِ، وَذَرَارِيِّهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! انصار اور انصار کی بیویوں اور ان کے بچوں کو بخش دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنِيبِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن منیب سے محمد بن خالد بن عثمہ روایت کرتے ہیں۔

6046 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا مَجْزَأَةُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ أُسَيْدِ بْنِ مَجْزَأَةَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي النُّعْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا جَدُّكَ أُسَيْدُ بْنُ مَجْزَأَةَ، عَنْ أَبِيهِ مَجْزَأَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: تَمَارَوْا بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَدَرِ، فَكَرِهَهُ كَرَاهِيَةً شَدِيدَةً، حَتَّى كَأَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، فَقَالَ: فِيمَ أَنْتُمْ؟ قَالُوا: تَمَارَيْنَا فِي الْقَدَرِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: كُلُّ شَيْءٍ بِقَضَاءٍ وَقَدَرٍ، وَلَوْ هَذِهِ وَضَرَبَ بِأُصْبُعِهِ السَّبَّابَةَ عَلَى حَبْلِ ذِرَاعِهِ الْآخَرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے تقدیر کے متعلق جھگڑ رہے تھے آپ نے اس کو سخت ناپسند کیا' ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ آپ کے چہرۂ مبارک پر انار نچوڑا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: تم کس میں جھگڑ رہے ہو؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! تقدیر کے متعلق۔ آپ نے فرمایا: ہر شی کا فیصلہ اور تقدیر لکھی جا چکی ہے' اگرچہ یہ بھی ہو۔ آپ نے سبابہ انگلی دوسرے آدمی کے ہاتھ کی کلائی کے دھاگے پر ماری۔

لَمْ يَرْوِ مَجْزَأَةُ أَبُو أُسَيْدٍ الثَّقَفِيُّ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ إِلَّا هَذَا الْحَدِيثَ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ

یہ حدیث مجزاہ ابواسید الثقفی' ثابت البنانی سے اور مجزاہ سے یہ حدیث روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

AlHidayah - الهداية

6047 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو هِشَامٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، وَيُونُسَ، وَحَبِيبٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، قُلْتُ: بَعِيرَيْنِ، فَرَسَيْنِ، شَاتَيْنِ، دِرْهَمَيْنِ، خُفَّيْنِ، نَعْلَيْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زوجین میں سے کسی نے اپنے مال سے اللہ کی راہ میں خرچ کیا' وہ مال اس کو جلدی جنت میں لے جائے گا' میں نے عرض کی: دو اونٹ' دو گھوڑے' دو بکریاں' دو درہم' دو موزے' دو نعلین۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اَبُو هِشَامٍ الْمَخْزُومِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، وَيُونُسُ، وَحَبِيبٌ عِنْدَ غَيْرِ وَاحِدٍ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے حمید اور حماد سے ابوہشام مخزومی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ثابت الجحدری اکیلے ہیں۔ یونس بن وہیب ایک نہیں ہیں۔

6048 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ، يَقُولُ: بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا غُلَامٌ اَنْقُلُ اللَّحْمَ مِنَ السَّهْلِ اِلَى الْجَبَلِ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوئے حالانکہ میں بچہ تھا' میں ہموار زمین سے گوشت' پہاڑ تک منتقل کرتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِي عُثْمَانَ اِلَّا يَعْقُوبُ الْحَضْرَمِيُّ

یہ حدیث خالد بن ابوعثمان سے یعقوب حضرمی روایت کرتے ہیں۔

6049 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

6047- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 190 رقم الحديث: 21470 بنحوه . والبيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 288 رقم الحديث: 18564-18565' وابن حبان (1649/موارد) .

6049- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 17 صفحه 345-346 رقم الحديث: 951 . وابن حبان (76 1/ موارد) .

انظر الترغيب للمنذري جلد 2 صفحه 391-392 رقم الحديث: 3 .

قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا عُمَيْرُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي عَرِيبٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ لَنْ تَقْرَاَ سُورَةً اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَا اَبْلَغَ مِنْ: قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَا تَدَعَهَا فِي صَلَاةٍ فَافْعَلْ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کسی اور سورت کو قل اعوذ برب الفلق کے علاوہ پڑھنا اتنا پسند نہیں کرتا' اگر تُو طاقت رکھتا ہے ہر نماز میں پڑھنے کی تو تُو پڑھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ اِلَّا كَثِيرُ بْنُ مُرَّةَ، وَلَا عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا صَالِحُ بْنُ اَبِي عَرِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن مروان سے کثیر بن مرہ اور کثیر سے صالح بن ابوغریب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالحمید بن جعفر اکیلے ہیں۔

6050 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: ثَنَا النَّضْرُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُنْتَ تُصَلِّي فَاَرَادَ رَجُلٌ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْكَ فَرُدَّهُ، فَاِنْ عَادَ فَرُدَّهُ، فَاِنْ عَادَ فَرُدَّهُ، فَاِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ فَقَاتِلْهُ، فَاِنَّمَا هُوَ الشَّيْطَانُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز پڑھ رہا ہو تو کوئی آدمی تیرے آگے سے گزرنے کا ارادہ کرے تو اس کو روک' اگر دوبارہ گزرنا چاہے تو اس کو روک' اگر پھر گزرنے کا ارادہ کرے تو اس کو روک' اگر چوتھی مرتبہ گزرنے کا ارادہ کرے تو اس کو مار کیونکہ وہ شیطان ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ النَّضْرُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن ابوعروبہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نضر بن کثیر اکیلے ہیں۔

6051 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6050- أصله عند مسلم من طريق محمد بن اسماعيل بن أبي فديك' عن الضحاك بن عثمان' عن صدقة بن يسار به أخرجه مسلم: الصلاة جلد1صفحه363' وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه307 رقم الحديث: 955 .

6051- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه471 رقم الحديث: 7488' ومسلم: الذكر جلد4صفحه2082 .

AlHidayah - الهداية

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَغْبَةً، وَرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ، وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِمَا اَنْزَلْتَ مِنْ كِتَابٍ، وَبِمَا اَرْسَلْتَ مِنْ رَسُولٍ

حضور ﷺ جب بستر پر سونے کے لیے آتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اللّٰهم انى اسلمت الٰى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ثابت البنانی سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

6052 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ كَانَ لَهُ كَاَجْرِ عِتْقِ رَقَبَةٍ اَوْ قَالَ: اَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قاسم بن صفوان اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے نمازِ عصر کے فرضوں سے پہلے چار رکعت سنتیں پڑھیں' اس کے لیے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوگا' یا فرمایا: اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنے کا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ الزُّهْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ

یہ حدیث صفوان زہری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں زید بن اخزم اکیلے ہیں۔

6053 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

6053- أخرجه البخاري: الطب جلد **10** صفحه **216** رقم الحديث: **5742**' وأبو داؤد: الطب جلد **4** صفحه **10-11** رقم الحديث: **3890**.

قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ التَّيْمِيّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وحَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ عَلَى رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ وَهُوَ مَرِيضٌ، فَقَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ، وَاَنْتَ الشَّافِي، لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

ہے کہ حضورﷺ اپنے اصحاب میں سے کسی آدمی کے پاس اس کی بیماری کا پتہ لینے کے لیے آئے تو آپ نے یہ دعا پڑھی: ''اذهب الباس الی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو حَفْصٍ

یہ حدیث حماد بن ابوسلیمان سے حماد بن سلمہ اور حماد سے ہلال بن عبدالملک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوحفص اکیلے ہیں۔

6054 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ سُورِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: صَلَّيْتُ الصُّبْحَ بِمَكَّةَ اِلَى جَنْبِ شَيْخٍ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ اَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ هٰذَا الْفَتَى وَالْاِمَامُ يَوْمَئِذٍ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قُلْتُ: مَنْ اَنْتَ رَحِمَكَ اللّٰهُ؟ قَالَ: اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت یحییٰ بن ولید بن سورین فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مکہ میں صبح کی' نماز ایک بزرگ کے پیچھے پڑھی' جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی: میں نے رسول اللہﷺ کے بعد کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جس کی نماز رسول اللہﷺ کے مشابہ ہو' سوائے اس نوجوان کے' ان کی مراد حضرت عمر بن عبدالعزیز تھے۔ میں نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم کرے! آپ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: انس بن مالک۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ سُورِينَ اِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ

یہ حدیث ولید بن سورین سے ان کے بیٹے یحییٰ بن ولید اور یحییٰ سے عبدالملک الزماری روایت کرتے ہیں۔

6054- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 233 رقم الحديث: 888' والنسائي: التطبيق جلد 2 صفحه 178 (باب عدد التسبيح في السجود) .

AlHidayah - الهداية

الذِّمَارِيُّ

6055 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ أَبُو سَلَمَةَ قَالَ: ثَنَا أَبُو الْحَوَارِيِّ، مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ شَقِيقٍ . قَالَ: نا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا نَنْقُلُ الْمَاءَ فِي جُلُودِ الْإِبِلِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ شَجُّوهُ فِي وَجْهِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے جس دن آپ کے چہرے کو زخمی کیا گیا' اونٹوں کے چمڑوں پر پانی اُٹھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الْحَوَارِيِّ إِلَّا الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو حَفْصٍ

یہ حدیث ابوالحواری سے منہال بن بحر روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ابوحفص اکیلے ہیں۔

6056 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ الْيُحْمَدِيُّ قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْإِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ، فَإِنَّهُ يُنْبِتُ الشَّعَرَ، وَيَجْلُو الْبَصَرَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم سوتے وقت اثمد سرمہ لگایا کرو کیونکہ یہ بال اُگاتا ہے اور نگاہ تیز کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ إِلَّا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے زیاد بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

6057 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: ثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کشمش اور کھجور اور خشک اور تازہ کھجور کی نبیذ نہ بناؤ۔

6056- أخرجه ابن ماجة: الطب جلد**2**صفحه**1156** رقم الحديث: **3496** .

6057- أخرجه البخاري: الأشربة جلد**10**صفحه**69** رقم الحديث: **5601**' ومسلم: الأشربة جلد**3**صفحه**1248** .

AlHidayah - الهداية

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَخْلِطُوا الزَّبِيبَ، وَالتَّمْرَ، وَلَا الْبُسْرَ، وَالتَّمْرَ يَعْنِي: النَّبِيذَ

6058 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: ثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خطبہ دیا' فرمایا: عمریٰ جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ بِسْطَامِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ

یہ دونوں حدیثیں بسطام بن مسلم سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔

6059 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ: ثَنَا مَنْصُورُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ، وَالْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خطبہ دیا' فرمایا: غیر آباد زمین کو آباد کرنا جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث منصور بن دینار سے ابوعاصم روایت کرتے ہیں۔

6060 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ السَّوَّاقُ قَالَ: نا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ وَهُوَ جَالِسٌ فَلَا وُضُوءَ عَلَيْهِ، فَاِذَا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بیٹھے بیٹھے سو گیا اس پر وضو نہیں ہے' جو کروٹ کے بل سو گیا اس پر وضو ہے۔

6058- أخرجه البخاري: الهبة جلد5صفحه282 رقم الحديث:2626' ومسلم: الهبات جلد3صفحه1248 .

6059- تقدم تخريجه قريبًا .

AlHidayah - الهداية

وَضَعَ جَنْبَهُ فَعَلَيْهِ الْوُضُوءُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث لیث سے حسن بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالقاہر بن شعیب اکیلے ہیں۔

6061 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ أَبِي حَدْرَدٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَمَعْدَدُوا، وَاخْشَوْشَنُوا، وَامْشُوا حُفَاةً

قعقاع بن ابی حدرد اسلمی سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے آپ کو مضبوط اور کھردرا بناؤ' ننگے پاؤں چلو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ أَبِي حَدْرَدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى

قعقاع بن ابی حدرد سے اس حدیث کو اسی سند سے روایت کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ صفوان بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

6062 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: نا مَعْقِلُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ ثَلَاثِ خِصَالٍ: عَنِ الشَّمْسِ، وَالْقَمَرِ، وَالنُّجُومِ، مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خُلِقْنَ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ نُورِ الْعَرْشِ

حضرت عبیداللہ بن ابوبکر بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے تین چیزوں کے متعلق پوچھا: سورج' چاند اور ستارے کہ یہ کس شی سے پیدا ہوئے ہیں؟ حضرت انس نے فرمایا کہ مجھے حضور ﷺ نے بتایا: یہ عرش کے نور سے پیدا کیا گئے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن عمرو بن البراء اکیلے ہیں۔

AlHidayah - الهداية

یہ حدیث عطاء خراسانی سے عمر بن مثنیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن طنافسی اکیلے ہیں۔

6355- أخرجه البخاری: الأطعمة جلد9صفحه463 رقم الحديث: 5423' ومسلم: الزهد جلد4صفحه2281 .

6356- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه182 رقم الحديث: 548 . فی الزوائد: هذا اسناد ضعيف منقطع . قال أبو زرعة: عطاء الخراسانی لم يسمع من أنس . وقال العقيلی: عمر بن المثنی حديثه غير محفوظ .

AlHidayah - الهداية

6357 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَخْلَدٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى الرَّجُلِ يَأْتِي الْمَرْأَةَ فِي دُبُرِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا ہے جو اپنی عورت کی دُبر میں وطی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ إِلَّا اللَّيْثُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ اللَّيْثِ إِلَّا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث ابن ھاد سے لیث اور لیث سے عمرو بن خالد روایت کرتے ہیں۔

6358 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا أَبِي، نا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا لَقِيتُمُ الْمُشْرِكِينَ فِي الطَّرِيقِ فَلَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ، وَاضْطَرُّوهُمْ إِلَى أَضْيَقِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مشرکوں کو راستے میں ملو تو ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرو اور ان کو تنگ راستے کی طرف مجبور کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث اعمش سے حماد بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد خزاعی اکیلے ہیں۔

6359 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

6357- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه 619 رقم الحديث: 1923 . في الزوائد: صحيح . لأن الحارث بن مخلد ذكره ابن حبان في الثقات . وباقي رجال الاسناد ثقات . وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 458 رقم الحديث: 8553 .

6358- أخرجه مسلم: السلام جلد 4 صفحه 1707، وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 354 رقم الحديث: 5205، والترمذي: السير جلد 4 صفحه 154 رقم الحديث: 1602، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 689 رقم الحديث: 10807 .

AlHidayah - الهداية

جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الَّذِی بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ: الزَّوْجُ

نکاح کی گرہ شوہر کے ہاتھ میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عمرو بن شعیب اپنے والد سے‘ وہ ان کے دادا سے‘ وہ ابن لہیعہ سے روایت کرتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6360 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِی، نا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ثَنَا كِنَانَةُ مَوْلَى صَفِيَّةَ، عَنْ صَفِيَّةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: جَاءَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی يَوْمٍ، فَقَالَ: اَعِنْدَكِ يَا بِنْتَ حُيَيٍّ شَیْءٌ؟ فَاِنِّی جَائِعٌ فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِلَّا مُدٌّ مِنْ طَحِينٍ قَالَ: فَاَسْخِنِيهِ قَالَتْ: فَجَعَلْتُهُ فِی الْقِدْرِ، وَاَنْضَجْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدْ نَضِجَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَتَعْلَمِينَ فِی نِحْيِ بِنْتِ اَبِی بَكْرٍ شَيْئًا؟ فَقُلْتُ: مَا اَدْرِی يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَتْ: فَذَهَبَ هُوَ بِنَفْسِهِ حَتَّى اَتَى بَيْتَهَا، فَقَالَ: فِی نِحْيِكِ يَا ابْنَةَ اَبِی بَكْرٍ شَیْءٌ؟ قَالَتْ: لَيْسَ فِيهِ اِلَّا قَلِيلٌ، فَجَاءَ بِهِ هُوَ بِنَفْسِهِ، فَعَصَرَ حَافَتَهُ فِی الْقِدْرِ، حَتَّى رَاَيْتُ الَّذِی يَخْرُجُ مَوْضِعَ يَدِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ ثُمَّ دَعَا بِالْبَرَكَةِ، فَقَالَ: ادْعِی اَخَوَاتِكِ؛ فَاِنِّی اَعْلَمُ اَنَّهُنَّ يَجِدْنَ مِثْلَ مَا اَجِدُ فَدَعَوْتُهُنَّ، فَاَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا، ثُمَّ جَاءَ اَبُو بَكْرٍ، فَاسْتَاْذَنَ، فَدَخَلَ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ آخَرُ، قَالَتْ: فَاَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَفَضَلَ عَنْهُمْ

حضرت صفیہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے‘ ایک دن آپ نے فرمایا: اے بنت حیی! آپ کے پاس کوئی شی ہے؟ مجھے بھوک لگی ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! ہاں ایک مد آٹا ہے‘ اس کو صاف کیا‘ اس کو ہانڈی میں ڈالا‘ میں نے اس کو اُبالا‘ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے پکایا ہے۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر کی بیٹی کے ہاں کوئی شی ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے معلوم نہیں ہے؟ حضرت صفیہ فرماتی ہیں: آپ خود گئے‘ حضرت عائشہ کے گھر آئے‘ آپ نے فرمایا: اے ابوبکر کی بیٹی! تمہارے گھر گھی ہے؟ عرض کی: تھوڑا سا ہے‘ آپ خود لے کر آئے‘ اس کو ہانڈی میں نچوڑا یہاں تک کہ میں نے دیکھا آپ اپنے دست مبارک سے نکال رہے ہیں‘ فرمایا: اللہ کے نام سے‘ پھر آپ نے برکت کی دعا کی‘ فرمایا: میرے بھائیوں کو بلاؤ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ ان کو میری طرح بھوک لگی ہے‘ میں نے ان کو بلایا تو ہم نے کھایا‘ یہاں تک کہ سیر ہو گئے۔ پھر حضرت ابوبکر آئے اور اجازت مانگی‘ آپ داخل ہوئے پھر حضرت عمر آئے‘ پھر ایک اور آدمی آیا‘ انہوں نے کھایا یہاں تک کہ

AlHidayah - الهداية

سیر ہو گئے اور وہ کھانا بچا رہا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفِيَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث حضرت صفیہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد اکیلے ہیں۔

6361 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، نا أَبِي، نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَفْكَهِ النَّاسِ مَعَ الصَّبِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ بچوں کے ساتھ خوش طبعی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ إِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ سے عمارہ بن غزیہ روایت کرتی ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6362 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ، وَإِنْ تَلَقَّاهُ مُتَلَقٍّ فَابْتَاعَ فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ فِيهَا بِالْخِيَارِ إِذَا وَرَدَتِ السُّوقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شہر سے باہر نکل کر مت خریدو؛ اگر کسی نے خریدنا ہو تو شہر میں پہنچ کر مالک کو اختیار ہے؛ جب بازار پہنچ جائے تو واپس کرے یا اس کو برقرار رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ایوب سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

6361- أخرجه البيهقي في دلائل النبوة جلد1صفحه331 وقال: أورده ابن كثير في البداية والنهاية جلد6صفحه46 .

6362- أخرجه مسلم: البيوع جلد3صفحه1157، وأبو داؤد: البيوع جلد3صفحه266-267 رقم الحديث: 3437، والترمذي: البيوع جلد3صفحه515 رقم الحديث: 1221، والنسائي: البيوع جلد7 صفحه225 (باب التلقي)، وابن ماجة: التجارات جلد2صفحه735 رقم الحديث: 2178 .

AlHidayah - الهداية

6363 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَقِيلٍ، ويُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُونَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما دونوں کو جنازہ کے آگے آگے چلتے دیکھا۔

لَمْ يَصِلْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث موصولاً یونس سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

6364 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَذَرَ اَنْ يُطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَعْصِيَهُ فَلا يَعْصِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی اطاعت کے لیے نذر مانی اس کو پورا کرے' جس نے نذر اللہ کی نافرمانی میں مانی اس کو پورا نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے محمد بن عبیداللہ فزاری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن مسلم اکیلے ہیں۔

6365 - وَبِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَائِمٍ اَكَلَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ روزے دار بھول کر کھا پی لے تو؟ آپ نے قضاء نہ کرنے کا حکم دیا' فرمایا: یہ کھانا اللہ نے اس کو

6363- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 201 رقم الحديث: 3179' والترمذی: الجنائز جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 1007-1008' والنسائی: الجنائز جلد 4 صفحه 45-46 (باب مكان الماشی من الجنازة)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 12 رقم الحديث: 4538 .

6364- أخرجه البخاری: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 589 رقم الحديث: 6696' وأبو داؤد: الأيمان جلد 3 صفحه 229 رقم الحديث: 3289' والترمذی: النذور جلد 4 صفحه 104 رقم الحديث: 1526' والنسائی: الأيمان جلد 7 صفحه 16 (باب النذر فی الطاعة)' وابن ماجة: الكفارات جلد 1 صفحه 687 رقم الحديث: 2126 .

AlHidayah - الهداية

وَشَرِبَ نَاسِيًا، فَلَمْ يَأْمُرْهُ بِالْقَضَاءِ، وَقَالَ: إِنَّمَا ذَلِكَ طَعَامٌ أَطْعَمَهُ اللَّهُ

کھلایا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ

یہ حدیث ابوسعید الخدری سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید اللہ اکیلے ہیں۔

6366 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَيْ عَدْلٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: نکاح ولی اور عادل گواہ کے ساتھ ہے۔

6367 - وَبِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لَا يُفَارِقُ مَسْجِدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكُهُ وَمِشْطُهُ، وَكَانَ يَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ إِذَا سَرَّحَ لِحْيَتَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسواک اور کنگھی اپنے ساتھ رکھتے' جب داڑھی شریف کو کنگھی کرتے تو شیشہ دیکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَرْقَمَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے سلیمان بن ارقم روایت کرتے ہیں۔ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

6368 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي حَرِيزٍ، مَوْلَى مُعَاوِيَةَ قَالَ: خَطَبَ مُعَاوِيَةُ النَّاسَ، فَذَكَرَ فِي خُطْبَتِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَشْيَاءَ، وَإِنِّي أُبَلِّغُكُمْ ذَلِكَ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْهُنَّ: النَّوْحِ، وَالشِّعْرِ، وَالتَّصَاوِيرِ، وَجُلُودِ السِّبَاعِ، وَالذَّهَبِ، وَالْحَرِيرِ

حضرت معاویہ کے غلام ابوحریز فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ نے لوگوں کو خطبہ دیا' خطبہ میں ذکر کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چند اشیاء سے منع کرتے تھے' میں تم کو پہنچا رہا ہوں اور تم کو ان سے منع کرتا ہوں: (۱) نوحہ کرنے سے (۲) بال نوچنے سے (۳) تصویر سے (۴) درندے کی کھال سے (۵) سونے چاندی سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَرِيزٍ مَوْلَى مُعَاوِيَةَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ الْبَهْرَانِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ

یہ حدیث ابوحریز' حضرت معاویہ کے غلام سے عبداللہ بن دینار البہرانی روایت کرتے ہیں اور حضرت

AlHidayah - الهداية

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

عبداللہ بن دینار سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

6369 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِی مُسْلِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ ضَنَائِنَ مِنْ خَلْقِهِ يُحْيِيهِمْ فِي عَافِيَةٍ، وَاِذَا تَوَفَّاهُمْ اِلَى جَنَّتِهِ، اُولَئِكَ الَّذِينَ تَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، وَهُمْ فِيهَا فِي عَافِيَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کی مخلوق سے خواص وہ ہیں جن کو اپنی عافیت میں زندہ رکھتا ہے' جب ان کو موت دیتا ہے تو اپنی جنت میں بھیجتا ہے' ایسے لوگ ہیں جن پر فتنے ایسے گزرتے ہیں جس طرح رات کے اندھیرے میں ٹکڑے' پھر بھی وہ عافیت میں ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا مُسْلِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِمْصِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث نافع سے مسلم بن عبدالحمصی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

6370 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اِلَى عَنَزَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کجاوا آگے رکھ کر نماز پڑھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

6371 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، عَنْ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يُخْبِرُ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے ایک مرتبہ نماز جان بوجھ کر چھوڑی گویا اس نے دنیا اور جو اس میں ہے' اس کو کھو دیا' جس نے چار مرتبہ چھوڑی تو اللہ

6371- أخرجه أحمد: المسند جلد **2** صفحه **240** رقم الحديث: **6668**' والحاكم فى المستدرك جلد **4** صفحه **146** وقال صحيح الاسناد ولم يخرجاه . وقال الذهبى: قلت سمعه ابن وهب عنه وهو غريب جدًا . والبيهقى فى الكبير جلد **8** صفحه **499-500** رقم الحديث: **17338** . وقال الهيثمى فى المجمع جلد **5** صفحه **72-73**: رواه أحمد ورجاله ثقات .

AlHidayah - الهداية

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ سُكْرًا مُرَّةً وَاحِدَةً، فَكَأَنَّمَا كَانَتْ لَهُ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا فَسُلِبَهَا، وَمَنْ سَكِرَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ قِيلَ، وَمَا طِينَةُ الْخَبَالِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُصَارَةُ اَهْلِ النَّارِ

عزوجل پر حق ہے کہ اس کو طینۃ الخبال سے پلائے۔عرض کی گئی: یارسول اللہ! طینۃ الخبال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جہنم والوں کی پیپ۔

6372 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: جَاءَ هِلَالٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُشُورِ نَحْلٍ لَهُ، وَسَاَلَهُ اَنْ يَحْمِيَ لَهُ وَادِيًا، يُقَالُ لَهُ: سَلَبَةُ فَحَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ ذٰلِكَ الْوَادِي

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہلال رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کھجوروں کا عشر لے کر آئے آپ نے پوچھا کہ کس وادی پر ان کو مقرر کریں اس وادی کو سلبہ کہا جاتا تھا حضور ﷺ نے ان کو اس وادی پر مقرر کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ دونوں حدیثیں عمرو بن حارث سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

6373 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِي، نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا رَاَتْ فِي الْمَنَامِ، اَنَّهُ سَقَطَ فِي حُجْرَتِهَا ثَلَاثَةُ اَقْمَارٍ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِاَبِي بَكْرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُفِنَ فِي بَيْتِهَا، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: هٰذَا خَيْرُ اَقْمَارِكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے خواب دیکھی کہ ان کے حجرے میں تین چاند گرے ہیں میں نے یہ بات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں کی جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو آپ کو میرے گھر میں دفن کیا گیا حضرت ابوبکر نے فرمایا: یہ سارے چاندوں سے بہتر ہیں۔

6374 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

6372- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد **2** صفحه **111-112** رقم الحديث: **1600**' والنسائي: الزكاة جلد **5** صفحه **34** (باب زكاة النحل) .

6374- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **424** رقم الحديث: **6558**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **178**

AlHidayah - الهداية

عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعَتْ أُذُنَايَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَخْرُجُ أُنَاسٌ مِنَ النَّارِ

اپنے دونوں کانوں سے فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب لوگ جہنم سے نکلیں گے۔

6375 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَصَلَّى بِنَا الْعَصْرَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھی' پھر آپ کسی سفر پر نکلے' ہم کو صلح حدیبیہ کے مقام پر دو رکعتیں پڑھائیں۔

6376 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عَمْرَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقِيلَ لَهَا: إِنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُسَافِرُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ قَالَتْ عَمْرَةُ: فَالْتَفَتَتْ إِلَيْنَا عَائِشَةُ فَقَالَتْ: مَا كُلُّكُنَّ لَهَا مَحْرَمٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ کوئی عورت تین دن کا سفر کرے مگر اس کے ساتھ محرم بھی ہو۔ حضرت عمرہ فرماتی ہیں: حضرت عائشہ ہماری طرف متوجہ ہوئیں' فرمایا: تم میں سے کسی کے ساتھ محرم نہیں ہے۔

6377 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: جو تم میں سے جمعہ کے لیے آئے' اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

ولفظه عند مسلم .

6375- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه476 رقم الحديث:1546' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه480 .

6376- أخرجه البخاري: الصيد جلد 4صفحه87 رقم الحديث: 1864 . من طريق قزعة مولى زياد قال سمعت أبا سعيد وفيه......أن لا تسافر امرأة مسيرة يومين ليس معها زوجها أو ذو محرم...... . ومسلم: الحج جلد 2 صفحه977 . من طريق أبو معاوية' عن الأعمش' عن أبي صالح' عن أبي سعيد الخدري' قال: فذكره بنحوه .

6377- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه443 رقم الحديث:894' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه579 .

AlHidayah - الهداية

6378 - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ فِی غَزْوَةِ تَبُوكٍ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، حَتّٰى رَجَعْنَا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے غزوۂ تبوک میں واپس آنے تک ظہر' عصر' مغرب' عشاء اکٹھی پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ تمام احادیث عمرو بن حارث سے بکر بن مغر روایت کرتے ہیں۔

6379 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِی، نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ الْمَشْرِقِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، قَالَتْ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: يَجِيئُكُمْ مِنْ هَا هُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے دجال کا ذکر کیا' فرمایا: یہاں سے آئے گا' اشارہ مشرق کی طرف کیا۔

6380 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَاَنَّ عَلٰى رُءُوسِنَا الرَّخَمَ، مَا تَكَلَّمَ مِنَّا مُتَكَلِّمٌ، اِذَا جَاءَهُ اُنَاسٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَفْتِنَا فِی كَذَا، اَفْتِنَا فِی كَذَا، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ، اِلَّا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس ایسے بیٹھے ہوتے جس طرح ہمارے سروں پر پرندے ہوتے ہیں' ہم میں سے کوئی گفتگو نہیں کرتا تھا' اچانک کچھ لوگ آپ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو فلاں فلاں شے میں مبتلا کیا گیا ہے' آپ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ عزوجل نے تنگی اُٹھادی ہے' ہاں کسی بھائی پر قرض ہو تو یہ

6378- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 490' وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 4 رقم الحديث: 1206' والنسائي: المواقيت جلد 1 صفحه 229 (باب الوقت الذى يجمع فيه المسافر بين [illegible] والعصر).

6380- أخرجه أبو داؤد: الطب جلد 4 صفحه 3 رقم الحديث: 3855' والترمذى الطب جلد [illegible] صفحه 383 رقم الحديث: 2038. وقال: حسن صحيح. وابن ماجة: الطب جلد 2 صفحه 1137 رقم الحديث: 3436. وفى الزوائد اسناده صحيح' ورجاله ثقات. والطبرانى فى الكبير جلد [illegible] صفحه 181 رقم الحديث: 471 ولفظه للطبرانى' وقال الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 27 ورجاله رجال الصحيح.

مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيهِ قَرْضًا، فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ قَالُوا: اَفَنَتَدَاوَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا نَزَّلَ لَهُ دَوَاءً، غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ قَالُوا: وَمَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْهَرَمُ قَالُوا: فَمَنْ اَحَبُّ عِبَادَ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

تنگی اور ہلاکت ہے۔انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دوا لے لیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! بے شک اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں اُتاری لیکن اس کی دوا بھی اتاری ہے سوائے ایک بیماری کے۔صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا: موت! انہوں نے عرض کی: اللہ کے کن بندوں سے پیار کیا جائے؟ آپ نے فرمایا: جن کے اخلاق اچھے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

حضرت عثمان بن حکیم سے اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس نے روایت کیا ہے۔

6381 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عروہ البارقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک اللہ عزوجل نے بھلائی رکھدی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث جابر سے زہیر روایت کرتے ہیں۔

6382 - وَبِهِ ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ هَذِهِ الْاُمَّةُ مُسْتَقِيمٌ اَمْرُهَا ظَاهِرٌ عَلَى عَدُوِّهَا، حَتَّى يَمْضِيَ مِنْهُمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً، كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَمَّا رَجَعَ اِلَى مَنْزِلِهِ اَتَتْهُ قُرَيْشٌ، فَقَالُوا: ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ اُمت ہمیشہ بھلائی پر اور اپنے دشمن پر غالب رہے گی یہاں تک کہ بارہ خلیفہ گزریں گے وہ سارے قریش سے ہوں گے جب آپ اپنے گھر واپس آئے تو آپ کے پاس قریش آئے انہوں نے عرض کی: پھر کیا ہوگا؟ فرمایا: قتل وغارت۔

6381- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه66 رقم الحديث: 2852، ومسلم: الامارة جلد3صفحه1493 .

6382- أخرجه أبو داؤد: المهدي جلد 4صفحه103 رقم الحديث: 4281، والطبراني في الكبير جلد 2صفحه253 رقم الحديث: 2059 . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه194: ورجاله ثقات .

AlHidayah - الهداية

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث اسود بن سعید سے زیاد بن خیثمہ روایت کرتے ہیں اور زیاد سے زہیر بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔

6383 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَلِفَ الْمَسْجِدَ اَلِفَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسجد سے جس کا دل لگا رہتا ہے اللہ اس سے محبت کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَرَّاجٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث دراج سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد اکیلے ہیں۔

6384 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِي، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، وحُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ اَبِي طَلْحَةَ، وَرُكْبَتِي تَمَسُّ رُكْبَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَالُوا يَصْرُخُونَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوطلحہ کے پیچھے سوار تھا' میرے گھٹنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھٹنوں سے چھو رہے تھے' لوگ مسلسل حج و عمرہ کا تلبیہ پڑھتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وغَيْرُهُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ وحْدَهُ

یہ حدیث ایوب' حمید بن ہلال سے اور ایوب سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو حماد بن زید اور ان کے علاوہ ابوقلابہ اکیلے روایت کرتے ہیں۔

6385 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سونے کے بدلے سونا لینے کے متعلق پوچھا' اس وقت تاجر حضرت زید بن

6384- اخرجه البخاری: الجهاد جلد 6 صفحه 153 رقم الحديث: 2986' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 915 واللفظ للبخاری .

6385- أخرجه البخاری فی البيوع جلد 4 صفحه 460 رقم الحديث: 2196' وفی المساقاة جلد 5 صفحه 60 رقم الحديث: 2381' ومسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1175 بنحوه .

AlHidayah - الهداية

دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَكَانَتْ تِجَارَتُهُ وَتِجَارَةُ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ، يَدًا بِيَدٍ

ارقم تھے آپ ﷺ نے فرمایا: نقد و نقد ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

6386 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي الْوَلِيدِ الْمَكِّيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَأَنْ يُبَاعَ النَّخْلُ حَتَّى يَنْتَقِحَ وَالِانْتِقَاحُ: أَنْ يَحْمَرَّ، أَوْ يَصْفَرَّ، أَوْ يُؤْكَلَ مِنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بیع محاقلہ مخابرہ مزابنہ سے منع کیا اور اس سے منع کیا کہ کھجور پکنے سے پہلے فروخت کی جائے۔ انتقاح سے مراد سرخ یا زرد یا کھانے کے قابل ہو جانا ہوتا ہے۔

قَالَ زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ: وَحَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، وَعَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ جَالِسٌ فَقُلْتُ لِعَطَاءٍ، أَمَا سَمِعْتَ جَابِرًا يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ؟ قَالَ عَطَاءٌ: نَعَمْ، سَمِعْتُ جَابِرًا يُحَدِّثُ بِهَذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زید بن انیسہ فرماتے ہیں: ہمیں ابوالولید نے اور عطاء بن ابو رباح نے بتایا کہ میں نے عطاء سے عرض کی: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت جابر کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت عطاء نے کہا: جی ہاں! میں نے حضرت جابر سے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے یہ حدیث سنی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں زید بن انیسہ سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

6387 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ، تَقُولُ: خَرَجَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَاجِرًا إِلَى بُصْرَى، لَمْ يَمْنَعْ

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عہد نبوی میں بصرہ کی طرف تجارت کرنے کے لیے گئے۔ نبی کریم ﷺ کے ساتھ صحبت اور انتہائی محبت انہیں اس کام سے نہ روک

AlHidayah - الهداية

اَبَا بَكْرٍ الضَّنُّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصُحْبَتُهُ عَلَى نَصِيبِهِ مِنْهُ، وَلَمْ يَمْنَعْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ شُخُوصًا مَعَ حُبِّهِ صَحَابَتَهُ وَحُبِّهِ اَبَا بَكْرٍ وَشُحِّهِ بِصَحَابَتِهِ، مُعْجَبًا لِاسْتِحْبَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التِّجَارَةَ، وَاِعْجَابِهِ بِهَا

سکی اور نہ رسول کریم ﷺ نے انہیں روکا جبکہ آپ اپنے صحابہ سے بے حد محبت فرماتے تھے اور سب سے بڑھ کر ابوبکر سے کیونکہ حضور ﷺ خود بھی تجارت کو بہت زیادہ پسند فرماتے تھے اور صحابہ کرام کے لیے بھی اس کو اچھا سمجھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

امام زہری سے اس حدیث کو اسحاق بن راشد نے روایت کیا۔ موسیٰ بن اعین اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6388 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَرَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَعْرَابِيٍّ، حَسِبْتُ اَنَّهُ قَالَ:، مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حِمْلَ قَرْضٍ، اَوْ حِمْلَ خَبَطٍ، فَلَمَّا اَوْجَبَ لَهُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: اِنْ رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ يَوْمًا، عَمَّرَكَ اللّٰهُ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دیہاتی سے قرض لیا‘ وہ آدمی بنی عامر بن صعصعہ کے تھے۔ جب مقررہ وقت آیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اختیار کرلو! اس دیہاتی نے عرض کی: آپ بتائیں! کل کے دن کی طرح ہے‘ اللہ آپ کو عمر دے! آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: قریش سے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ اِلَّا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَمُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث ابن جریج سے یحییٰ بن ایوب سے اور یحییٰ بن ایوب سے لیث بن سعد اور موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

6389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِي، ثنا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں مسطح کی ماں کے پاس آئی‘ پھر میں قضائے حاجت کے لیے

6388- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 736 رقم الحديث: 2184‘ والدارقطني: سننه جلد 3 صفحه 21 رقم الحديث: 73-74 .

AlHidayah - الهداية

عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى اُمِّ مِسْطَحٍ، فَخَرَجْتُ اِلَى حُشٍّ لِحَاجَةٍ فَوَطِئَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ عَلَى عَظْمٍ اَوْ شَوْكَةٍ، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، قُلْتُ: بِئْسَ مَا قُلْتَ، تَسُبِّينَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اَشْهَدُ اَنَّكِ مِنَ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ، اَتَدْرِينَ مَا قَدْ طَارَ عَلَيْكِ؟ فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ، قَالَتْ: مَتَى عَهْدُكِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: رَسُولُ اللّٰهِ يَصْنَعُ فِي اَزْوَاجِهِ مَا اَحَبَّ، يَبْدَاُ مَنْ اَحَبَّ، وَيُرْجِي مَنْ اَحَبَّ مِنْهُنَّ. قَالَتْ: فَاِنَّهُ طِيرَ عَلَيْكِ كَذَا وَكَذَا، فَخَرَرْتُ مَغْشِيَّةً عَلَيَّ، فَبَلَغَ اُمَّ رُومَانَ اُمِّي، فَلَمَّا بَلَغَهَا اَنَّ عَائِشَةَ قَدْ بَلَغَهَا الْاَمْرَ اَتَتْنِي، فَحَمَلَتْنِي، فَذَهَبَتْ اِلَى بَيْتِهَا. فَبَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَائِشَةَ قَدْ بَلَغَهَا الْاَمْرُ، فَجَاءَ اِلَيْهَا، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، وَجَلَسَ عِنْدَهَا، وَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ وَسَّعَ التَّوْبَةَ، فَازْدَدْتُ شَرًّا اِلَى مَا بِي، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ اِذْ جَاءَ اَبُو بَكْرٍ، فَدَخَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَنْتَظِرُ بِهَذِهِ الَّتِي خَانَتْكَ وَفَضَحَتْنِي؟ قَالَتْ: فَازْدَدْتُ شَرًّا اِلَى شَرٍّ، قَالَتْ: فَاَرْسَلَ اِلَى عَلِيٍّ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، مَا تَرَى فِي عَائِشَةَ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: لَتُخْبِرَنِّي مَا تَرَى فِي عَائِشَةَ قَالَ: قَدْ وَسَّعَ اللّٰهُ النِّسَاءَ، وَلَكِنْ اَرْسِلْ اِلَى بَرِيرَةَ خَادِمِهَا، فَسَلْهَا، فَعَسَى اَنْ تَكُونَ قَدِ اطَّلَعَتْ عَلَى شَيْءٍ مِنْ اَمْرِهَا. فَاَرْسَلَ اِلَى بَرِيرَةَ، فَجَاءَتْ، فَقَالَ

باہر کھلی جگہ کی گھاس کی طرف نکلی۔ (اُم مسطح میرے ساتھ تھی) پس کسی ہڈی یا کانٹے پر اس کا پاؤں آ گیا۔ اس کے منہ سے نکلا: مسطح ہلاک ہو! میں نے کہا: تُو نے کتنا بُرا کلمہ کہا ہے' کیا تُو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی کو گالی دیتی ہو؟ اس نے کہا: میں گواہی دیتی ہوں کہ واقعی تم بھولی بھالی مؤمن عورتوں میں سے ہو! کیا آپ کو یہ بات بھی معلوم نہیں ہے کہ اُس نے تیرے خلاف کیا افواہیں اُڑائی ہیں۔ میں نے کہا: نہیں! قسم بخدا! اس نے کہا: تم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ واپس جانے کے لیے کب کا وعدہ کر کے آئی ہو؟ میں نے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی ازواج کے معاملہ میں وہی کرتے ہیں جو آپ کو پسند ہو' ابتداء کرتے ہیں اُسی سے جو آپ کو پسند ہو۔ ان میں سے جو انہیں پسند ہو' اسی کے امیدوار ہوتے ہیں۔ اُس نے ساری بات بتائی تو مسطح نے میرے بارے میں یہ یہ کہا ہے۔ (اس کی باتیں سن کر) میں غش کھا کر گر پڑی۔ میری ماں اُم رومان کو اس بات کا پتہ چلا' پس جب انہیں یہ بات معلوم ہو کہ عائشہ کو پتہ چل گیا ہے تو وہ میرے پاس تشریف لائیں۔ پس وہ مجھے لے کر اپنے گھر کی طرف آ گئیں' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہوا کہ عائشہ کو یہ بات پتہ چل گئی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس بیٹھ گئے' اور فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ نے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے' اس سے میری تکلیف میں اور اضافہ ہو گیا۔ ہم اسی حال میں تھے کہ میرے والد گرامی ابوبکر آ گئے۔ وہ سیدھے میرے

لَهَا: اَتَشْهَدِينَ اَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ قَالَ: فَإِنْ سَاَلْتُكِ عَنْ شَيْءٍ فَلَا تَكْتُمِينِي قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا شَيْءٌ تَسْاَلُنِي عَنْهُ اِلَّا اَخْبَرْتُكَ، وَلَا اَكْتُمُكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ شَيْئًا قَالَ: فَقَدْ كُنْتِ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَهَلْ رَاَيْتِ مِنْهَا شَيْئًا تَكْرَهِينَهُ؟ قَالَتْ: لَا، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالنُّبُوَّةِ، مَا رَاَيْتُ مِنْهَا مُنْذُ كُنْتُ عِنْدَهَا اِلَّا خُلَّةً. قَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَتْ: عَجَنْتُ عَجِينًا لِي، فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ: احْفَظِي هَذَا الْعَجِينَ حَتَّى اَقْتَبِسَ نَارًا، فَاَخْتَبِزَ، فَقَامَتْ تُصَلِّي، فَغَفَلَتْ عَنِ الْعَجِينِ، فَجَاءَتِ الشَّاةُ فَاَكَلَتْهُ فَاَرْسَلَ اِلَى اُسَامَةَ، فَقَالَ: يَا اُسَامَةُ، مَا تَرَى فِي عَائِشَةَ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: لَتُخْبِرَنِّي بِمَا تَرَى فِيهَا قَالَ: فَاِنِّي اَرَى اَنْ تَسْكُتَ عَنْهَا حَتَّى يُحْدِثَ اللّٰهُ اِلَيْكَ فِيهَا. قَالَتْ: فَمَا كَانَ اِلَّا يَسِيرًا حَتَّى نَزَلَ الْوَحْيُ، فَلَمَّا نَزَلَتْ جَعَلْنَا نَرَى فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّرُورَ، وَجَاءَ عُذْرُهَا مِنَ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ، ثُمَّ اَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ، قَدْ اَتَاكِ اللّٰهُ بِعُذْرِكِ. فَقُلْتُ: لِغَيْرِ حَمْدِكَ، وَحَمْدِ صَاحِبِكَ. قَالَ: فَعِنْدَ ذَلِكَ تَكَلَّمَتْ، وَكَانَ اِذَا اَتَاهَا يَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟

پاس آئے۔ انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس لڑکی کے حوالے سے' آپ کو کس چیز کا انتظار ہے' جس نے آپ سے خیانت کر کے مجھے رسوا کیا ہے؟ آپ فرماتی ہیں: اس بات نے میری تکلیف اور بڑھا دی۔ آپ فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کو بلانے کے لیے آدمی بھیجا۔ آپ نے فرمایا: اے علی! آپ عائشہ کے بارے کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ تم عائشہ کے بارے کیا خیال رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے عورتوں سے نکاح کرنے کے معاملہ میں آپ کو وسعت دی ہے (عام اجازت عطا کی ہے)۔ لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ کی خادمہ خاص حضرت بریرہ کو بلا بھیجا۔ پس وہ آئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: کیا تو میرے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! آپ نے فرمایا: اگر میں کسی چیز کے بارے سچ پوچھوں تو مجھ سے نہیں چھپاؤ گی! اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ جس چیز کے بارے میں مجھ سے پوچھیں گے' سچ سچ بتاؤں گی' بالکل نہیں چھپاؤں گی' انشاء اللہ! آپ نے فرمایا: تُو عائشہ کے ساتھ ہوتی ہے' بتا! تُو نے آج تک عائشہ میں کوئی ناپسندیدہ بات دیکھی ہے؟ اس نے جواب دیا: نہیں! اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب سے میں اس کے ساتھ ہوں میں نے خلت کے سوا اس میں کوئی چیز نہیں دیکھی۔ آپ نے فرمایا: خلت سے کیا مراد ہے؟

AlHidayah - الهداية

اس نے بتایا: میں نے اپنے لیے آٹھ گوندھ کر عائشہ سے کہا: اس کی حفاظت کرنا تاکہ میں تنور جلالوں اور روٹیاں پکاؤں (میں اُدھر گئی) اس سے نماز پڑھنا شروع کر دی اور آٹا وہیں بغیر حفاظت کے پڑا رہا۔ بکری آئی اور کھا گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اسامہ کو بلا بھیجا' فرمایا: اے اسامہ! عائشہ کے بارے تیرا کیا خیال ہے؟ اس نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے! آپ نے فرمایا: تم نے آج تک اس میں کوئی بات دیکھی ہے تو مجھے بتا دو! اس نے جواب دیا: میری مضبوط رائے یہ ہے کہ ان کے بارے وحی اُترنے تک آپ خاموشی اختیار کر لیں۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: اس کے بعد بس تھوڑی دیر گزری تھی کہ وحی اُترنا شروع ہو گئی' جب وحی مکمل ہوئی تو ہم سب کی آنکھیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے کی طرف لگ گئیں۔ آپ کے چہرے میں خوبصورت خوشی دیکھنے کو ملی۔ حضرت عائشہ کا عذر' اللہ کی طرف سے آ گیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! تجھے بشارت ہو! پھر اے عائشہ! تیرے لیے خوشی کی خبر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تیرا عذر قبول کر لیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ! تیری حمد اور تیرے صاحب کے شکریہ کے علاوہ میں کیا کر سکتی ہوں۔ سو اس وقت میں نے آپ سے کھل کر کلام کیا۔ جبکہ اس سے پہلے آپ تشریف لاتے تو صرف اتنا کہتے: اے عائشہ! تیرا کیا حال ہے؟ (پھر چلے جاتے)۔

AlHidayah - الهداية

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِقْسَمٍ إِلَّا خُصَيْفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ

اس حدیث کو مقسم سے خصیف نے ہی روایت کیا۔ عتاب بن بشیر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6390 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا أَبِي، نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، وَابْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَيْرٍ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ قَائِمًا يُصَلِّي بِهِمْ إِذِ انْصَرَفَ، ثُمَّ جَاءَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، فَقَالَ: إِنِّي قُمْتُ بِكُمْ، ثُمَّ ذَكَرْتُ أَنِّي كُنْتُ جُنُبًا وَلَمْ أَغْتَسِلْ، فَانْصَرَفْتُ فَاغْتَسَلْتُ، فَمَنْ أَصَابَهُ مِنْكُمْ مِثْلُ هَذَا الَّذِي أَصَابَنِي أَوْ وَجَدَ فِي بَطْنِهِ رِزًّا فَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَغْتَسِلْ، ثُمَّ لِيَأْتِ فَلْيَسْتَقْبِلْ صَلَاتَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ رسول کریم ﷺ نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوتے تو ساتھ ہی گھر تشریف لے جاتے‘ پھر اس حال میں واپس آتے کہ آپ کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے ہوتے تھے۔ آپ فرماتے: میں تمہارے درمیان کھڑا تھا پھر مجھے یاد آیا کہ مجھے غسل کرنا تھا لیکن نہ کیا۔ میں نے جا کر غسل کیا‘ بس اب یاد رکھو! تم میں سے کسی کو یہ چیز پیش آ سکتی ہے‘ یا وہ اپنے پیٹ میں کوئی تکلیف پاتا ہے تو لوٹ جائے‘ وضو کرے‘ پھر واپس آ کر اپنی نماز پڑھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث حضرت علی سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔ ابن لہیعہ اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6391 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا عَلَى أُمَّتِي أَحَدًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنْهُمْ، لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے‘ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بغیر مشورہ کسی کو اپنی اُمت پر مقرر کرتا تو میں ابن اُم عبد کو مقرر کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا مَنْصُورٌ، تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے منصور روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں زہیر اکیلے

6391- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 673 رقم الحديث: 3808 . وقال: حسن غريب . وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 49 رقم الحديث: 137‘ وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 134 رقم الحديث: 855 .

AlHidayah - الهداية

ہیں۔

6392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِی، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَهَاتُوا مَنْ سَمِعَهُ يَأْمُرُ بِهِمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آپ نے نمازِ عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھنے سے منع کیا' لے آؤ! اُسے جس نے سنا ہے کہ آپ نے ان دونوں کا حکم دیتے۔

6393 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِی، نا زُهَيْرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ مِمَّا اَمَرَنَا بِهِ مِنَ الْمَعْرُوفِ: اَنْ لَا نَنُوحَ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ نِسَاءَ آلِ فُلَانٍ اَسْعَدْنَنِي، فَلَنْ اُبَايِعَكَ حَتَّى اُسْعِدَهُنَّ، قَالَتْ: فَاَسْعَدَتْهُنَّ، ثُمَّ بَايَعَتْهُ، فَلَمْ تَفِ امْرَاَةٌ غَيْرُهَا، وَاُمُّ سُلَيْمٍ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی' آپ نے ہم کو جن باتوں کا حکم دیا' اُن میں سے ایک یہ کہ ہمیں نوحہ نہ کرنے کا حکم دیا' ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! آلِ فلاں کی عورتیں مجھے رہنمائی کی ہے' میں ہرگز آپ کی بیعت نہ کروں گی یہاں تک کہ وہ راہنمائی کرے' اس نے راہنمائی کی' پھر آپ نے بیعت کی' اُم سلیم اور اس عورت کے علاوہ کسی عورت نے اس کو پورا نہیں کیا۔

6394 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبِی، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُؤْمَرُ بِالْخُرُوجِ اِلَى الْعِيدَيْنِ وَالْمُخَبَّاَةُ وَالْبِكْرُ. قَالَتْ: وَالْحُيَّضُ يَخْرُجْنَ، فَيَكُنَّ خَلْفَ النَّاسِ، يُكَبِّرْنَ مَعَ النَّاسِ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا شادی شدہ اور کنواریوں کو عیدین کے لیے نکلنے کا حکم دیا جاتا' عرض کی: حیض والیاں بھی نکلیں' وہ لوگوں کے پیچھے رہیں' وہ لوگوں کے ساتھ تکبیریں کہیں۔

6392- أصله عند البخاری ومسلم من طريق ابن شهاب قال: أخبرنی عطاء بن يزيد الجندعی . به . أخرجه البخاری: جلد2صفحه73 رقم الحديث:586' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه567 .

6393- أخرجه البخاری: التفسير جلد8صفحه506 رقم الحديث:4892' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه646 .

6394- أخرجه مسلم: العيدين جلد2صفحه606' والطبرانی فی الكبير جلد25صفحه57 رقم الحديث:128 .

AlHidayah - الهداية

آج اللہ کے فضل و کرم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ کرم اور صحابہ کرام اہل بیت اطہار اور اولیاءِ کاملین کے صدقہ اور اساتذہ کرام والدین دوست بزرگوں کی دعاؤں کے صدقے سے احقر العباد نے معجم الاوسط کی عربی مطبوعہ جلد نمبر چار کا ترجمہ مکمل کیا ہے۔ اے اللہ! اپنے ان نیک بندوں کے صدقے باقی جلدوں کو میرے لیے آسان کر دے اور اس کو میرے لیے دنیا اور آخرت میں ذریعۂ نجات کا سبب بنا دے۔ ہر قسم کی آفات و بلیات حاسد کے حسد شریر کے شر ظالم کے ظلم اور نظر بد سے محفوظ رکھ۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!

غلام دستگیر چشتی

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية